


از صدر تھامس ایس۔ مانسن

# محبت کے ساتھ خدا کی خدمت کریں

**خداوند** یسوع مسیح نے سکھایا: ''جو کوئی اپنی جان بچاتا ہے وہ اسے کھو دے گا: مگر جو کوئی اپنی جان میرے واسطے گنواتا ہے، وہ اپنی جان بچا لیتا ہے'' (لوقا۹: ۲۴)۔

''میرا ایمان ہے،'' صدر تھامس ایس. مانسن نے فرمایا'' نجات دہندہ ہمیں یہ بتا رہا ہے کہ جب تک ہم خود کو دوسروں کی خدمت میں نہیں کھو دیتے، ہماری اپنی زندگیاں بے مقصد ہیں۔ جو فقط اپنی ذات کے واسطے جیتے ہیں بلاخر پژمردہ ہو جاتے ہیں اور تمثیلاً اپنی زندگی سے ہاتھ دھو بیٹھتے ہیں۔ مگر وہ جو دوسروں کی خدمت میں اپنی ذات کو کھو دیتے ہیں، بڑھتے اور ترقی کرتے ہیں اور نتیجتاً اپنی زندگیاں بچا لیتے ہیں۔[1]

صدر مانسن کی خدمت کے، درجِ ذیل اقتباس سے، وہ مقدسین آخری ایام کو یہ یاد دہانی کرواتے ہیں کہ وہ خداوند کے ہاتھ ہیں اور ابدیت کی برکات اُن کا انتظار کرتی ہیں، جو ایمان داری سے دوسروں کی خدمت کرتے ہیں۔

## ہیکل میں خدمت

''ایک بہت بڑی خدمت اُس وقت انجام پاتی ہے جب ہم اُن کے لیے مختاری کی رسوم ادا کرتے ہیں جو پردے کے اس پار جا چکے ہیں۔ بہت سے مواقعوں پر ہم ان کو جانتے بھی نہیں ہوتے جن کے لیے ہم یہ کام سر انجام دیتے ہیں۔ ہم شکریہ کی توقع نہیں رکھتے ہمیں یہ یقین دہانی بھی نہیں ہوتی کہ وہ اس کو قبول بھی کرتے ہیں یا نہیں۔ بہر حال، ہم خدمت کرتے ہیں اور اس عمل کے دوران ہم وہ حاصل کر لیتے ہیں جسے کسی اور ذریعے سے حاصل نہیں کیا جا سکتا: ہم حقیقتاً صہیون کی پہاڑی پر نجات دہندے بن جاتے ہیں۔ جیسا کہ ہمارے نجات دہندے نے اپنی زندگی کی ہمارے لیے ایک عظیم قربانی دی۔ ایسی طرح ہم بھی ایک چھوٹے پیمانے پر ہیکل میں اُن کے لیے وکالتی کام سر انجام دیتے ہیں، جو کہ آگے بڑھنے سے قاصر ہیں، جب تک ہم، جو زمین پر ہیں، اُن کے لیے کچھ کر نہیں دیتے''[2]

## ہم خداوند کے ہاتھ ہیں

''میرے بھائیو اور بہنو، ہم ایسے لوگوں سے گھرے پڑے ہیں جنہیں ہماری توجہ، ہماری حوصلہ افزائی، ہماری مدد، ہماری تسلی اور ہماری رحمدلی کی ضرورت ہے۔ چاہے وہ ہمارے خاندان کے ارکان ہوں، دوست ہوں، شناسا ہوں یا پھر اجنبی۔ ہم یہاں زمین پر، اُسکے کے بچوں کی بہتری اور اُن کی خدمت کے فرمان کے ساتھ، خدا کے ہاتھ ہیں۔ وہ ہم میں سے ہر ایک پر انحصار کرتا ہے۔ . . .''

''اُس خدمت کے لیے، جس کے واسطے ہم بلائے گئے ہیں وہ خداوند یسوع مسیح کی خدمت ہے''۔[3]

## منجی کے سائے میں خدمت کرنا

نئے جہان میں، جی اُٹھے خداوند نے واضع کیا 'تمہیں اُن باتوں کا علم ہے جو تمہیں میری کلیسیاء میں لازمی کرنی ہیں کیونکہ تم نے مجھے جو کام کرتے دیکھا وہی تم بھی کرنا، اسلئے جو کچھ تم نے مجھے کرتے دیکھا ہے بالکل ویسے ہی کرنا'۔ (۳نیفی ۲۷: ۲۱)

ہم دوسروں کے لئے باعث برکت ہوتے ہیں جب ہم یسوع ناصری . . . جو بھلائی کرتا پھرا، کے سائے میں دوسروں کی خدمت کرتے ہیں (اعمال ۱۰: ۳۸)۔ خدا ہمیں اپنے آسمانی باپ کی خدمت کرنے میں خوشی پانے کی برکت دے جب ہم زمین پر اُسکے بچوں کی خدمت کرتے ہیں۔[4]

## خدمت کرنے کی ضرورت

''ہمیں خدمت کا موقعہ دیا جانے کی ضرورت ہے۔ ایسے اراکین جو سرگرمی سے نکل گئے ہوں یا ایسے جو پیچھے ہٹ گئے ہیں یا غیر وابستہ رہتے ہیں اُن تک پہنچنے کے لیے ہم دعا کے ذریعے راستہ تلاش کر سکتے ہیں۔ ان کو کسی بھی اہلیت میں خدمت انجام دینے کے لیے

شائد وہ تحریک ہو، جو مکمل سرگرم ہونے میں ان کی ضرورت ہے مگر وہ راہنما جو ایسا کرنے میں مدد کر سکتے ہیں بعض اوقات ایسا کرنے میں جھجکتے ہیں۔ ہمیں اپنے ذہن میں یہ یقین کرنا ہے کہ یہ لوگ تبدیل ہو سکتے ہیں وہ اپنی بری عادات کو پس پشت ڈال سکتے ہیں۔ وہ گناہ سے توبہ کر سکتے ہیں۔ وہ لائق طور سے کہانت رکھ سکتے ہیں۔ اور وہ خداوند کی خدمت دلجمعی کے ساتھ کر سکتے ہیں۔[۵]

### کیا ہم وہ سب کر رہے ہیں جو ہمیں کرنا چاہیے؟

دنیا کو ہماری مدد کی ضرورت ہے۔ کیا ہم وہ سب کر رہے ہیں جو ہمیں کرنا چاہیے؟ کیا ہم صدر جان ٹیلر کے اُن الفاظ کو یاد رکھتے ہیں؛ "اگر آپ اپنی بلاہٹ کو جانفشانی سے نہیں کرتے، تو خدا اُن لوگوں کے لیے آپکو ذمہ دار ٹھہرائے گا جن کو آپ اپنی ذمہ داری پوری کر کے بچا سکتے تھے۔ [چرچ کے صدور کی تعلیمات: جان ٹیلر (۲۰۰۱) ۱۶۴]۔ یہاں محکم کرنے کے لئے پاؤں، تھامنے کے لئے ہاتھ، حوصلہ افزائی کے لیے ذہن، تحریک دینے کے لئے دل اور بچانے کے لیے روحیں ہیں۔ ابدی برکات آپ کی منتظر ہیں۔ خدمت کے سٹیج پر۔۔۔ آپ کے پاس موقع ہے کہ تماشائی بننے کی بجائے . . . خدمت کے سٹیج پر حصہ دار بنیں۔"

### نوٹس

۱۔ "آج میں نے کسی دوسرے کے لیے کیا کیا؟" لیحونا، نومبر ۲۰۰۹، ۸۵۔
۲۔ "ہمارے دوبارہ ملنے تک" لیحونا، مئی ۲۰۰۹، ۱۱۳—۱۴۔
۳۔ "آج میں نے کسی دوسرے کے لیے کیا کیا؟" ۸۶، ۸۷۔
۴۔ "خدمت کے لیے نجات دہندہ کی بلاہٹ،" لیحونا، اگست ۲۰۱۲، ۵۔
۵۔ "دوسروں کو ایسا دیکھو جیسا وہ بن سکتے ہیں،" لیحونا، نومبر ۲۰۱۲، ۶۸۔
۶۔ "خدمت کے لیے لائق اور رضامند"، لیحونا، مئی ۲۰۱۲، ۶۹۔
۷۔ تدریس، سے بڑی کوئی بلاہٹ نہیں: انجیلی تدریس کے لیے موادِ راہنمائی (۱۹۹۹)، ۱۲۔

---

### اس پیغام سے تعلیمات

اگر آپ مسیح کی مانند محبت رکھیں، تو آپ انجیل سکھانے کے لئے بہتر طور پر تیار ہو سکتے ہیں۔ آپ دوسروں کی مسیح کو جاننے اور اس کی پیروی کرنے میں اُن کی مدد کے لئے الہام پائیں گے۔"[۷] جن سے آپ ملنے جاتے ہیں اُن کے لیے اور زیادہ مسیح کی محبت کے لیے دعا کیجئے۔ جوں جوں آپ اُن کے لئے مسیح جیسی محبت کو پروان چڑھائیں گے، آپ نہ صرف خداوند کی بلکہ جن کو آپ تعلیم دیتے ہیں، با معنی انداز میں خدمت کر پائیں گے۔

## نوجوانان

### موسمِ گرما میں خدمت

منجانب الزبتھ بلائٹ

ایک موسم گرما میں نے پردیس ملک میں ان بچوں کے ساتھ گزارہ، جو جسمانی طور پر کسی معذوری کا شکار تھے۔ ان بچوں کے ساتھ پہلی ملاقات کے دوران میں بہت پریشان تھی۔ میں اُن کی زبان بھی نہ بول سکتی تھی، مگر میرا ایمان تھا کہ روح القدس اُن سے گفتگو میں ضرور میری رہنمائی کرے گا۔ جیسے جیسے میری ہر ایک بچے سے پہچان ہوتی گئی تو میں نے یہ جانا کہ زبان محبت کرنے میں کوئی رکاوٹ نہیں۔ میں بچوں کے ساتھ کھیلی، ہنسی، اور دستکاریاں بنائیں اور اُن کی اتنی مدد تو نہ کی لیکن اُن کے لیے مکمل محبت کو محسوس کیا۔ میں نے اُس محبت کی ایک جھلک دیکھی جو آسمانی باپ اپنے بچوں سے رکھتا ہے، اور جس خوشی سے میرا دل لبریز ہوا وہ بیان سے باہر ہے۔

جب بھی میں دوسروں کی خدمت کرتی ہوں تو نہ صرف ان کے لیے، جن کی میں خدمت کرتی ہوں، بلکہ آسمانی باپ کے لیے بھی پیار محسوس کرتی ہوں۔ میں نے حقیقتاً یہ جانا ہے کہ "جب تم اپنے ہمسائے کی خدمت کرتے ہو تو تم فقط اپنے خدا کی خدمت کر رہے ہوتے ہو"۔ (مضایاہ ۲:۱۷)۔ چاہے خدمت کے بڑے منصوبے ہوں یا رحم دلی کے چھوٹے کام میری خدمت کا مقصد ہمیشہ خدا کا جلال ظاہر کرنا رہا ہے۔ (دیکھئے متی ۱۶:۵)۔ میں اُمید کرتی ہوں جب میں دوسروں کی خدمت کرتی ہوں، لوگ آسمانی باپ کے لیے میرے پیار اور یسوع مسیح کی اس روشنی کو پہچانیں جو مجھ میں جلتی ہے۔

مصنفہ ورجینیا، ریاست ہائے متحدہ امریکہ میں رہائش پزیر ہے۔

## بچے

### محبت کے رشتے

کاغذ کی ۲۸ باریک پٹیاں کاٹنے میں کسی بالغ کی مدد لیجئے۔ ہر ایک پٹی تقریباً ۱۱ انچ (۲۸ سینٹی میٹر) چوڑی اور ۸ انچ (۲۰ سینٹی میٹر) لمبی ہو۔ اِس ماہ کے ہر دن، خدمت کا کوئی کام انجام دیں، جس سے دوسروں کے لیے آپ کے پیار کا اظہار ہو۔ آپ گھر کی صفائی میں اپنے والدین کی مدد کر سکتے ہیں یا ہمسائے کے لیے ایک رحمدلانہ نوٹ لکھ سکتے ہیں۔

ہر ایک کاغذ کی پٹی پر روزانہ یہ تحریر کریں کہ آپ نے اُس روز کیسے خدمت کی اور پھر اس پٹی کو ٹیپ یا گوند کی مدد سے جوڑ کر ایک دائرے کی شکل دیں۔ آپ ان دائروں کو آپس میں اس طرح جوڑ سکتے ہیں کہ اگلے دن کی پٹی کو گوند یا ٹیپ لگانے سے پہلے گذشتہ دن کے دائرے سے گزار لیں (زنجیر کی شکل میں)۔ اپنے پیار کے روابط کو بڑھتا ہوا دیکھیں! فروری کے اختتام کے بعد بھی آپ اپنی اس زنجیر کو بڑھانا جاری رکھ سکتے ہیں۔

© 2014 by Intellectual Reserve, Inc. جملہ حقوق محفوظ ہیں۔ یو ایس اے میں چھپا۔ منظوری برائے انگریزی: 6/13۔ منظوری برائے ترجمہ: 6/13۔
Translation of *First Presidency Message, February 2014* کا Urdu ترجمہ 10862 434

ایمان، خاندان، فلاح

# یسوع مسیح کا الٰہی مشن: اچھا چرواہا۔

اِس مواد کا دُعا گو ہو کر مطالعہ کریں اور جاننے کی خواہاں ہوں کیا شیئر کرنا ہے۔ نجات دہندہ کے مشن اور زندگی کو سمجھنا اُس پر آپکے ایمان کو کیسے بڑھاتا اور اُن کو برکت دیتا ہے جن کی وزٹنگ ٹیچنگ کے ذریعے آپ دیکھ بھال کرتی ہیں؟ مزید معلومات کے لئے reliefsociety.lds.org جائیں۔

**یہ نجات دہندہ کے مشن کے پہلوؤں کو بیان کرتے ہوئے معلماتی پیغامات کی سیریل کا حصہ ہے۔**

**یسوع** مسیح، اچھے چرواہے نے سکھایا: تم میں سے کون ایسا شخص ہے جس کے پاس سو بھیڑیں ہوں اور اُن میں سے ایک کھو جائے تو باقی ننانوے کو بیابان میں چھوڑ کر اُس کھوئی ہوئی بھیڑ کے پیچھے نہ جائے، جب تک وہ مل نہیں جاتی؟ . . .

”میں تم سے کہتا ہوں کہ آسمان پر توبہ کرنے والے گنہگار کے باعث خوشی منائی جاتی ہے۔ لوقا ۱۵: ۴، ۷۔

ہم جب یہ سمجھتے ہیں کہ یسوع مسیح ایک اچھا چرواہا ہے ، ہماری دوسروں کی خدمت کرنے اور اُس کے نمونے کی پیروی کرنے کی خواہش میں اضافہ ہوتا ہے۔ یسوع نے کہا، ”اچھا چرواہا میں ہوں میں اپنی بھیڑوں کو جانتا ہوں اور بھیڑیں مجھے جانتی ہیں۔ اور میں اپنی بھیڑوں کے لیے جان دیتا ہوں“۔ یوحنا ۱۰: ۱۴–۱۵۔ مسیح کے کفارہ کے باعث ہم میں سے کوئی بھی اس قدر گمراہ نہ ہوگا کہ اپنے (ازلی) گھر کی راہ تلاش نہ کر پائے۔ (دیکھئے لوقا ۱۵)۔

صدر تھامس ایس۔ مانسن نے فرمایا، ”یہ ہماری ذمہ داری ہے کہ گلہ کی حفاظت کریں . . . ہم میں سے ہر ایک کو چاہیے کہ خدمت کے لیے آگے آئے“[۱]

**صحائف میں سے**

زبور ۲۳؛ یسعیاہ ۴۰: ۱۱؛ مضایاہ ۲۶: ۲۱

**ہماری تاریخ سے**

**الزبتھ** این ویٹنی، جس نے ریلیف سوسائٹی کی پہلی میٹنگ میں شرکت کی، ۱۸۳۰ء میں اپنی تبدیلی کے بارے میں کہتی ہیں۔ ”جونہی میں نے اُس کلام کو سُنا جس کی ایلڈر مُنادی کر رہے تھے، مجھے معلوم ہو گیا کہ یہ آواز اچھے چرواہے کی ہے۔“[۲] الزبتھ نے اچھے چرواہے کی آواز کی پیروی کی اور بپتسمہ لیا اور استحکام پایا۔

ہم بھی اچھے چرواہے کی آواز کو سن سکتی ہیں۔ اور دوسروں کے ساتھ اُس کی تعلیمات بانٹ سکتی ہیں۔ صدر مانسن نے فرمایا ”ہم یہاں زمین پر خدا کے ہاتھ ہیں اُس کے بچوں کی بڑھوتری اور خدمت کرنے کے فرمان کے ساتھ۔“[۳]

جیسا کے چرواہا اپنی گمشدہ بھیڑ کو تلاش کرتا ہے، والدین بھی اپنے گمراہ بچے کو اسی طرح تلاش کرتے ہیں۔ صدر جیمز ای۔ فاؤسٹ (۱۹۲۰–۲۰۰۷)، مشیر دوم، صدارتی مجلس اعلیٰ نے فرمایا ”اُن شکستہ دل والدین کے لیے، جو راستی، تنگدہی اور دعا سے اپنے نافرمان بچوں کو تعلیم دیتے رہے ہیں، ہم اُن سے کہتے ہیں کہ اچھا چرواہا اُن پر نظر رکھتا ہے۔ خدا آپ کے گہرے غم کو جانتا اور سمجھتا ہے۔ امید ابھی بھی باقی ہے“[۴]

**حوالہ جات**

۱۔ تھامس ایس۔ مانسن، ”آسمانی گھر، ابدی خاندان،“ لیحونا، جون ۲۰۰۶، ۷۰۔
۲۔ الزبتھ این ویٹنی، میری بادشاہی میں بیٹیاں: ریلیف سوسائٹی کا کام اور تاریخ (۲۰۱۱)، ۱۲۸۔
۳۔ تھامس ایس، مانسن، ”میں نے کسی کے لیے آج کیا کیا؟“ لیحونا، نومبر ۲۰۰۹، ۸۶۔
۴۔ جیمز ای، فاؤسٹ، ”عزیز ہیں وہ بھیڑیں جو گمراہ ہوئیں“ لیحونا مئی ۲۰۰۳، ۶۸۔

## میں کیا کر سکتی ہوں؟

**۱۔** یہ جاننا کہ نجات دہندہ اچھا چرواہا ہے، ہماری زندگیوں میں کیسے سکون لا سکتا ہے؟

**۲۔** ہم کن طریقوں سے اُن لوگوں کی خدمت کر سکتی ہیں جو چرچ سے گمراہ ہوئے یا ہمارے عقیدے کے نہیں ہیں؟

**۳۔** میں اُن والدین کی کیسے مدد کر سکتی ہوں جن کی اولاد انجیل سے گمراہ ہو گئی ہے؟

© 2014 by Intellectual Reserve, Inc. جملہ حقوق محفوظ ہیں۔ یو ایس اے میں چھپا۔ منظوری برائے انگریزی: 6/13۔ منظوری برائے ترجمہ: 6/13۔
Urdu کا Translation of *Visiting Teaching Message, February 2014.* ترجمہ۔ 10862 434